بفیضِ روحانی: تاجدارِ اہلسنت شہزادۂ اعلیٰحضرت سرکار حضور مفتیٔ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بنامِ تاریخی مُشعرِ سالِ تصنیف

تجانبُ اہلِ السنۃ
عن
اہلِ الفتنۃ

ملقب بلقبِ تاریخی مُشعرِ سالِ تکمیل

اجتنابُ اہلِ السُّنۃ عن اہلِ الفتنۃ

۱۳۶۱ھ

تصنیف لطیف

ناصرِ سنّیت کاسرِ لامذہبیت مناظرِ اہلسنت حضرت علامہ مولانا مفتی
محمد طیّب صاحب صدیقی قادری برکاتی داناپوری علیہ الرحمۃ والرضوان

ناشر

مدرسہ گلشنِ رضا۔ کولمبی۔ ضلع ناندیڑ (مہاراشٹر)

نام کتاب: تجانب اہل السنۃ عن اہل الفتنۃ

ملقب بلقب تاریخی اجتناب اہل السنۃ عن اہل الفتنۃ

مصنف: ناصر سنیت کاسر لامذہبیت فاضل نوجوان مولانا ابو الطاہر محمد طیب صاحب صدیقی قادری برکاتی دانا پوری علیہ الرحمۃ والرضوان

بسعی جمیل: عبد الصمد قادری رضوی اورنگ آبادی مدرسہ گلشن رضا کولمبی، ضلع ناندیڑ۔ مہاراشٹر

پروف ریڈنگ۔ حضرت مولانا محمد اسلم صاحب صدیقی اور حضرت مولانا محمد اسلام صاحب مصباحی استاذ ادارہ ہذا۔

ناشر: مدرسہ گلشن رضا کولمبی۔ ضلع ناندیڑ۔ مہاراشٹر

طبع چہارم: ماہ صفر ۱۴۲۸ھ مطابق مارچ ۲۰۰۷ء

تعداد: ایک ہزار

کتابت: نیاز احمد نوری ہرکشنوی ثم اترولوی

ملنے کے پتے

۱۔ کتب خانہ امجدیہ ۴۲۵ ٹیا محل جامع مسجد دہلی ۱۱۰۰۰۶

۲۔ فاروقیہ بک ڈپو ۴۲۲ 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۳۔ رضوی کتاب گھر ۴۲۳ 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۴۔ مکتبہ نعیمیہ ۴۲۲ 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۵۔ قادری کتاب گھر۔ اسلامیہ مارکیٹ بریلی شریف یوپی۔

۶۔ اپنا نوری بکڈپو نزد الجامعۃ الغوثیہ اترولہ۔ ضلع بلرام پور۔ یوپی۔

پس عثمان کی تحریف قرآنی میں کیا شک ہے اس لیے کہ جو چیز مشاہدہ میں آرہی ہے اس کے بیان کی حاجت نہیں۔ دیکھی ہوئی چیز کا بیان ہی کیا یعنی عام طور پر رافضیوں کے یہ گندے عقیدے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا تمام انبیاء علیہم السلام سے ائمہ اثنا عشر رضی اللہ تعالیٰ عنہم افضل ہیں اور قرآن عظیم ناقص ہے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

یہ دونوں عقیدے یقینی قطعی اجماعی کفر وارتداد ہیں تمام مسلمانوں کے اعتقاد میں یہ مسئلہ ضروریات دین سے ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام غیر انبیاء سے افضل واعلیٰ ہیں۔ حضرت امام قاضی عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ شفا شریف میں فرماتے ہیں۔ وکذلک نقطع بتکفیر غلاۃ الرافضۃ فی قولھم ان الائمۃ افضل من الانبیاء یعنی اسی طرح غالی رافضیوں کو بھی قطعاً یقیناً اجماعاً کافر کہتے ہیں جن کا قول یہ ہے کہ ائمہ اہلبیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے افضل ہیں۔ یوں ہی یہ مسئلہ بھی ضروریات دین میں سے ہے کہ سارا قرآن پاک مکمل طور پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک سے لے کر اب تک مکتوب و محفوظ چلا آرہا ہے اور جب تک اسلام دنیا میں قائم رہے گا قرآن پاک یوں ہی مکمل اور ہر قسم کی لفظی تحریف و تبدیل و تغییر و زیادت و نقصان سے پاک و محفوظ رہے گا۔ اس کی حفاظت اس کے نازل فرمانے والے رب تبارک و تعالیٰ نے اپنے ذمۂ قدرت پر لے لی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے۔ انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحفظون ۝ یعنی بے شک ہم نے اس قرآن کو نازل فرمایا اور بیشک ہمیں